© rasailojaraid.com

کئی ماہ سے کوسوو کے علاقہ میں البانوی نژاد مسلمانوں کے ساتھ وہی سابقہ چنگیزی روش شروع کی۔ اور ابتک کئی ہزار مسلم مردوزن اور معصوم چھوٹے بچے قتل کیے جاچکے ہیں۔ "مہذب" یورپ جو جانوروں اور کتوں کی معمولی تکلیف پر بھی چیخ اٹھتا ہے اپنے قلب میں واقع مسلمانوں پر ڈھائے جانے والے مظالم پر خاموش ہے۔ کل بھی اس نے صرف زبانی جمع خرچ سے کام لیا تھا۔ آج بھی صرف اس کے اخباری بیانات آرہے ہیں۔ یورپ کی تنظیم نیٹو نے کئی بار سربوں کو صرف دکھاوے کیلئے فضائی حملوں کی دھمکی دی ہے اور کئی بار الٹی میٹم بھی دیا ہے لیکن وہ درندے جانتے ہیں کہ نیٹو اور امریکہ ہمارے خلاف کاروائی میں سنجیدہ نہیں۔ اس لیے ہی وہ ان دھمکیوں کو خاطر میں نہیں لاتے۔ حال ہی میں انہوں نے امریکہ کے کہنے پر ایک معاہدہ کیا کہ کوسوو کے تین لاکھ باشندے جو پہاڑوں اور جنگلوں میں اپنے گھربار چھوڑ کر پناہ لینے پر مجبور ہیں اپنے گھروں کو واپس آجائینگے۔ معاہدہ کے دوسرے روز ہی اقوام متحدہ اور نیٹو کے مبصرین کی موجودگی میں درجنوں مسلمانوں کو بے دردی سے قتل کردیا گیا۔ اس ظلم اور معاہدے کی خلاف ورزی پر نیٹو اور امریکہ خاموش ہے۔ عراق میں بچے ادوایات کی عدم فراہمی کی بناء پر روزانہ سینکڑوں کی تعداد میں مر رہے ہیں ان پر دن بدن پابندیاں امریکہ اور اقوام متحدہ اس جرم میں بڑھا رہا ہے کہ وہ معاہدہ کی خلاف ورزی کر رہا ہے لیکن ادھر سرب درندوں سے کوئی بازپرس نہیں ہورہی۔ ہمیں امریکہ اور یورپ سے کوئی امید نہیں کہ وہ کوئی سنجیدہ کوشش کریں۔ لیکن افسوس ہمیں عالم اسلام کی پراصرار خاموشی پر ہے کہ یہ کیوں بیکسی کا مزار بنا ہوا ہے؟ اس سے تو معاشی لحاظ سے بے حال روس بہتر ہے۔ جس نے نیٹو اور امریکہ کو دھمکی دی ہے کہ اگر اس نے سربوں پر حملہ کیا تو دوبارہ سرب جنگ شروع ہوجائیگی۔ لیکن عالم اسلام اور اسکی قیادت لگتا ہے کہ "وفات" ہوگئی جو اپنے تین لاکھ سے زائد بہنوں اور بھائیوں کی موت کا انتظار کر رہے ہیں جو یورپ کی شدید سردی اور بھوک سے مرنے والے ہیں۔ خداوندا تو ہی اپنے نام لیواؤں کا جو ظلمت کدہ یورپ میں تیرے نام کی لاج رکھے ہوئے ہیں اور جو تیرے دین اور تیری کتاب کی عظمت کی خاطر کٹ مرنے کو تیار بیٹھے ہیں، حفاظت فرما (آمین)

اسرائیل اور فلسطین کا نیا معاہدہ کیا رنگ لائے گا

اسرائیل اور فلسطین کے درمیان امریکہ میں صدر کلنٹن کی موجودگی میں نو روز تک جاری رہنی والی مذاکرات پانچ نکاتی عبوری معاہدہ کی صورت میں اختتام پزیر ہوئے۔ اس معاہدے کی مطابق

© rasailojaraid.com